فتوی نمبر: 28

کیا ہر نبی کو نبوت حضرت رسالت مآب ﷺ ہی کے دَر سے ملی؟

سوال: 28 ایک مولوی صاحب نے اپنی تقریر میں یہ فرمایا کہ اگر حضور اقدس نہ ہوتے تو یہ دنیا نہ تخلیق کی جاتی۔ اور ہر نبی حضور اقدس ﷺ کے در کے بھکاری ہیں۔ انہیں نبوت بھی آپ ہی کے در سے ملی ہے۔ کیا یہ باتیں درست ہیں؟

جواب: ایسی باتیں کرنا مناسب نہیں۔ حضور اقدس ﷺ اگر چہ افضل الانبیاء اور سید المرسلین علیہم السلام ہیں لیکن ہر نبی کی اپنی اپنی نبوت ہے جو کہ اللہ تعالیٰ نے انہیں عنایت فرمائی تھی۔

"فتاوی تاتارخانیہ" میں ہے:

وفي جواهر الفتاوى: هل يجوز أن يقال «لو لا نبينا محمد صَلَّى ٱللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لما خلق الله تعالى آدم»؟ قال: هذا شيء يذكره الوعاظ على رؤوس المنابر يريدون به تعظيم نبينا محمد صَلَّى ٱللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، والأولى أن يحترز عن مثل هذا، فإن النبي عَلَيْهِ ٱلصَّلَاةُ وَٱلسَّلَامُ وإن كان عظيم المنْزلة والمرتبة عند الله فإن لكل نبي من الأنبياء عَلَيْهِمُ ٱلسَّلَامُ منْزلة ومرتبة وخاصة ليست لغيره فيكون كل نبي أصلا بنفسه.[1]

---

(1) الفتاوى التاتارخانية، كتاب أحكام المرتدين، رد الأوامر الشرعية، ج: 5، ص: 485

دارالعلوم ندوۃ العلماء
اسلام آباد مری ہائی وے چھتر اسلام آباد